ٹاؤن میونسپل کارپوریشن ۔ نیوکراچی

شعبہ اطلاعات وتعلقات عامہ

Email:aqeelakhtartmc@gmail.com

پریس ریلیز

نیوکراچی ٹاؤن میں سرکاری بلدیاتی اسکولز کے زیر اہتمام محفل میلاد وسیرت النبیؐ کانفرنس کا انعقاد۔

تقریب میں امیر جماعت اسلامی ضلع شمالی طارق مجتبٰی نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔

چیئرمین نیوکراچی ٹاؤن محمد یوسف کی میونسپل کمشنر ایاز حمید اللہ بلوچ، وائس چیئرمین شعیب بن ظہیر کے ہمراہ خصوصی شرکت۔

پوزیشن ہولڈرز طلباء وطالبات میں نقد انعامات کے ساتھ لیپ ٹاپ، کیلکولیٹر اور تعریفی اسناد تقسیم کی گئیں۔

امتحانات میں نمایاں پوزیشن لیکر گورنمنٹ اسکولوں کے ہونہار طلباء وطالبات نے اساتذہ اور والدین کے سر فخر سے بلند کئے۔ چیئرمین محمد یوسف

مورخہ: 07/ نومبر 2024ء

کراچی ( ) نیوکراچی ٹاؤن میں سرکاری بلدیاتی اسکولز کے زیر اہتمام محفل میلاد وسیرت النبیؐ کانفرنس کا انعقاد۔ تقریب میں امیر جماعت اسلامی ضلع شمالی طارق مجتبٰی نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ چیئرمین نیوکراچی ٹاؤن محمد یوسف کی میونسپل کمشنر ایاز حمید اللہ بلوچ، وائس چیئرمین شعیب بن ظہیر کے ہمراہ خصوصی شرکت۔ اس موقع پر ڈائریکٹر ایجوکیشن نیوکراچی ٹاؤن سید محمد مزمل عباس، ڈپٹی ڈائریکٹر ایجوکیشن حسین میمو، ڈائریکٹر پی اینڈ آر اشتیاق حسین، انچارج پی اینڈ آر فیصل صغیر ودیگر ٹاؤن افسران کے ساتھ اساتذہ اور والدین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب کا آغاز تلاوت قرآن پاک اور نعتِ رسول مقبول ﷺ سے ہوا، جس میں نعت خواہوں نے گلِ عقیدت کے نذرانے پیش کئے۔ جبکہ مختلف اکابرین نے سیرت النبیؐ کو خوبصورت انداز میں بیان کیا۔ تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے امیر جماعت اسلامی ضلع شمالی طارق مجتبٰی نے کہا کہ پیارے آقا محمد ﷺ کی زندگی ضابطہ حیات ہے مسلمان سنت نبوی کو اپنائیں تاکہ دُنیا وآخرت میں بھلائی پا سکیں۔ چیئرمین محمد یوسف نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بہتر معاشرتی زندگی گزارنے کے لئے دینی تعلیم کے ساتھ دنیاوی تعلیم کو بھی حاصل کیا جائے تعلیم انسانوں میں اچھے برے کی تمیز اور شعور کو بیدار کرتی ہے، مگر بدقسمتی سے ہمارے ملک کے سرکاری اسکولوں میں ایک منظم سازش کے تحت تعلیمی معیار کو پیچھے دھکیلا جا رہا ہے، انہوں نے کہا کہ سرکاری اسکولوں میں سہولیات کی کمی ہے جس سے زیر تعلیم طالب علموں کو تعلیم کے حصول میں دشواری پیش آتی ہے لیکن جماعت اسلامی کی قیادت اور نمائندے سرکاری اسکولوں میں تعلیمی معیار کو بہتر بنانے کیلئے شب وروز کوشاں ہیں جس کے لئے سرکاری بلدیاتی اسکولوں میں نئے فرنیچر کی فراہمی کے ساتھ تزین وآرائش کا عمل بھی جاری ہے۔ چیئرمین محمد یوسف نے کہا کہ آج مجھے بے حد خوشی ہو رہی ہے ہمارے سرکاری اسکولوں کے طالب علموں نے امتحانات میں نمایاں کامیابی حاصل کی ہے الحمدللہ آج کی تقریب میں ہماری تعلیم کے لئے کئے جانے والی کوششوں کے ثمرات نظر آ رہے ہیں نیوکراچی ٹاؤن کے بلدیاتی اسکولوں کے طالب علموں نے کراچی کے تمام سرکاری اسکولوں کے طالب علموں پر سبقت حاصل کرلی ہے جس کا ثبوت ڈاکٹر محمود الحسن بوائز اینڈ گرلز سیکنڈری اسکول D-5 کے دو طالب علم محمد احمد خان اور خدیجہ لیاقت نے کراچی بھر میں فرسٹ پوزیشن حاصل کی ہے ان طالب علموں کی کامیابی کے پیچھے اساتذہ کی انتھک محنت بھی شامل ہے۔ میونسپل کمشنر نیوکراچی ٹاؤن ایاز حمید اللہ بلوچ نے طلباء وطالبات کی کامیابی پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے طالب علم مبارکباد اور شاباش کے مستحق ہیں بچوں نے نیوکراچی ٹاؤن کا نام روشن کیا ہے۔ میونسپل کمشنر نے پہلی پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء وطالبات میں پانچ پانچ ہزار روپے نقد بھی دیئے۔ ٹاؤن وائس چیئرمین شعیب بن ظہیر نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جماعت اسلامی کے نمائندے بلدیاتی سرکاری اسکولوں کو تعلیمی میدان میں پرائیوٹ اسکولوں کے برابر لا رہے ہیں، انہوں والدین کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ اپنے بچوں کو سرکاری اسکولوں میں داخل کرائیں انشاءاللہ انہیں پرائیویٹ اسکولوں کے برابر سہولیات فراہم کریں گے۔ تقریب کے آخر میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے طالب علموں کو نقد انعامات کے ساتھ، لیپ ٹاپ، کیلکولیٹر اور تعریفی اسناد بھی پیش کی گئیں۔

جاری کردہ:۔

عقیل اختر

پبلک ریلیشن آفیسر

نیوکراچی ٹاؤن